نیوز ریلیز
سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ
شعبۂ تعلقات عامہ

(Posted on March 17, 2006)

امریکی چینوک ہیلی کاپٹروں نے پانچ ہزار امدادی پروازیں مکمل کرلیں

اسلام آباد (17 مارچ 2006ء) ___ آج امریکی چینوک ہیلی کاپٹروں نے نیلم اور الائی کی وادیوں میں آٹا پہنچا کر پانچ ہزار امدادی فضائی پروازیں مکمل کرلی ہیں۔ ہنگامی امداد کے امریکی مرکز کے کمانڈر ریئر ایڈمرل مائیکل لی فیور نے کہا ہے کہ یہ ایک غیر معمولی کامیابی ہے اور ہمارے زمینی اور فضائی عملہ کا زبردست کارنامہ ہے۔

10 اکتوبر کو فضائی امدادی آپریشن شروع ہونے کے بعد سے اب تک امریکی ہیلی کاپٹر 14 ہزار ٹن امدادی سامان زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں پہنچا چکے ہیں اور تین ہزار لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر چکے ہیں۔

چینوک CH-47 ہیلی کاپٹرز جنہیں عموماً 'رحمت کے فرشتے' بھی کہا جاتا ہے 8 اکتوبر کے زلزلہ کے اڑتالیس گھنٹے کے اندر افغانستان سے پہنچ گئے تھے۔ امریکی فوج نے امدادی سرگرمیوں کے عروج پر 21 چینوک ہیلی کاپٹر فراہم کئے تھے۔ اب جبکہ امدادی کوششوں کا رُخ تعمیر نو کی سرگرمیوں کی جانب ہو چکا ہے، آٹھ چینوک ہیلی کاپٹر مصروفِ عمل ہیں۔

جب امدادی سرگرمیاں منظم خطوط پر استوار ہوگئیں اور موسم سرما بھی شروع ہوگیا تو مظفر آباد اور شنکیاری میں فارورڈ بیس قائم کئے گئے اور چینوک ہیلی کاپٹروں نے جال کے ذریعہ امدادی سامان لٹکا کر لے جانے کی تیکنیک استعمال کرنا شروع کی جس سے ہیلی کاپٹروں کے آنے جانے کے وقت کی بچت ہوئی اور ہیلی کاپٹروں کو روزانہ زیادہ امدادی پروازیں کرنے کا موقع ملا اور یوں زیادہ مقدار میں امدادی سامان متاثرہ علاقوں میں پہنچنا شروع ہوگیا۔ اس عمل سے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں سردی کے مہینوں کے دوران خوراک کی وافر ذخائر کو یقینی بنایا گیا۔

امریکی چینوک ہیلی کاپٹر مارچ کے مہینے کے دوران امدادی پروازیں جاری رکھیں گے جس کے بعد انہیں نئی ذمہ داریاں سونپ دی جائیں گی۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3